دو دعائیں رد نہیں کی جاتیں، یا (فرمایا) کم ہی رد کی جاتی ہیں، اذان کے وقت کی دعا اور لڑائی کے وقت کی دعا جب کہ دونوں فریق ایک دوسرے سے گتھم گتھا ہو جائیں

سہل بن سعد رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”دو دعائیں رد نہیں کی جاتیں، یا (فرمایا) کم ہی رد کی جاتی ہیں، اذان کے وقت کی دعا اور لڑائی کے وقت کی دعا جب کہ دونوں فریق ایک دوسرے سے گتھم گتھا ہو جائیں“۔
[صحیح] [اسے امام ابو داؤد نے روایت کیا ہے۔]

اس حدیث میں جہاد فی سبیل اللہ کی فضیلت کا بیان ہے کہ اللہ تعالیٰ معرکۂ کار زار میں مجاہد کی دعا کو شرفِ قبولیت سے نوازتا ہے، اسی طرح اس حدیث میں اذان کی فضیلت کا بھی بیان ہے کہ اللہ تعالیٰ اذان سے لے کر اقامت ہونے تک مسلمان کی دعا قبول فرماتا ہے۔

https://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/5035